Roll No. | | | | | | | | |

(Write Roll Number from left side exactly as in the Admit Card)

*Signature of Invigilator*

**Question Booklet Series** **X**

**PAPER–II** **Question Booklet No.**

**Subject Code : 05**

# URDU

*Time : 2 Hours* *Maximum Marks: 200*

***Instructions for the Candidates***

1. Write your Roll Number in the space provided on the top of this page as well as on the OMR Sheet provided.
2. At the commencement of the examination, the question booklet will be given to you. In the first 5 (five) minutes, you are requested to open the booklet and verify it:
   (i) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of this cover page.
   (ii) Faulty booklet, if detected, should be got replaced immediately by a correct booklet from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given.
   (iii) Verify whether the Question Booklet No. is identical with OMR Answer Sheet No.; if not, the full set is to be replaced.
   (iv) After this verification is over, the Question Booklet Series and Question Booklet Number should be entered on the OMR Sheet.
3. This paper consists of One Hundred (100) multiple-choice type questions. All the questions are compulsory. Each question carries *two* marks.
4. Each Question has four alternative responses marked: (A) (B) (C) (D) . You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each question.
   *Example:* (A) (B) ● (D) , where (C) is the correct response.
5. Your responses to the questions are to be indicated correctly in the OMR Sheet. If you mark your response at any place other than in the circle in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Rough work is to be done at the end of this booklet.
7. If you write your Name, Phone Number or put any mark on any part of the OMR Sheet, except in the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity or use abusive language or employ any other unfair means, such as change of response by scratching or using white fluid, you will render yourself liable to disqualification.
8. Do not tamper or fold the OMR Sheet in any way. If you do so, your OMR Sheet will not be evaluated.
9. You have to return the Original OMR Sheet to the invigilator at the end of the examination compulsorily and must not carry it with you outside the Examination Hall. You are, however, allowed to carry question booklet and duplicate copy of OMR Sheet after completion of examination.
10. **Use only Black Ball point pen.**
11. **Use of any calculator, mobile phone, electronic devices/gadgets etc. is strictly prohibited.**
12. **There is no negative marks for incorrect answer.**

اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اس سوال کتابچہ کے اوپر دی گئی جگہ پر اور مہیّا کیے گئے OMR شیٹ پر اپنا رول نمبر لکھیے۔
2. امتحان شروع ہوتے ہی، آپ کو سوال کتابچہ دے دیا جائے گا۔
آپ کو ہدایت دی جاتی ہے کہ ابتدائی پانچ منٹ کے اندر سوال کتابچہ کو کھول کر تصدیق کر لیجیے۔
(i) سوال کتابچہ تک رسائی کے لیے، اس کے سرِ ورق کے کنارے پر لگے ہوئے مہر (یعنی سیل) کو کھول لیجیے۔
(ii) اگر سوال کتابچہ غلط ہو تو فوراً اس کے بدلے میں نگراں سے صحیح کتابچہ، پانچ (5) منٹ کے اندر حاصل کر لیجیے۔ بعد میں نہ سوال کتابچہ تبدیل کیا جائے گا اور نہ ہی مزید وقت دیا جائے گا۔
(iii) تصدیق کر لیجیے کہ OMR جواب نامہ کے نمبر اور سوال کتابچہ کے نمبر میں مطابقت ہے۔ اگر نہیں تو کتابچہ تبدیل کرنا پڑے گا۔
(iv) تصدیق ہو جانے کے بعد ہی سوال کتابچہ سیریز اور سوال کتابچہ نمبر، OMR شیٹ پر درج کرنا چاہیے۔
3. اس پرچہ میں سَو (100) کثیر الانتخاب سوالات ہیں۔ سارے سوالات ضروری ہیں۔ ہر سوال دو (2) نمبر کا ہے۔
4. ہر سوال کے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ جیسے: (A) (B) (C) (D). ان میں سے کسی ایک گول دائرہ کو مکمل طور پر بھر کے سیاہ کر دینا ہے۔ جیسا کہ نیچے دیئے گئے مثال میں بتایا گیا ہے۔
مثال: (A) (B) ● (D)، یعنی (C) صحیح جواب ہے۔
5. سوالات کے حوالے سے آپ کے جوابات کی صحیح نشاندہی OMR شیٹ میں ہونی چاہیے۔ اگر آپ اپنے جواب کی نشاندہی، OMR شیٹ میں دیئے گئے دائرے کے علاوہ کہیں اور کر دیتے ہیں تو اس کا جائزہ نہیں لیا جائے گا۔
6. کُھر دار کام اس کتابچہ کے آخری میں کیا جائے گا۔
7. آگر آپ نے اپنا نام، فون نمبر یا کوئی نشان، OMR شیٹ پر لگایا، متعلقہ اندراج کے علاوہ، جو آپ کی شناخت کا انکشاف کرے یا آپ نے غلط زبانی کی یا کوئی غیر منصفانہ کام کیا، جیسے کُھرچ کر جواب بدلنا یا سفیدی لگانا، تو اپنی نااہلی کے ذمہ دار آپ خود ہونگے۔
8. OMR شیٹ کے ساتھ نہ کسی طرح کی چھیڑ چھاڑ کی جا سکتی ہے اور نہ ہی اسے موڑا جا سکتا ہے۔ اگر آپ نے ایسا کیا تو آپ کے OMR شیٹ کا جائزہ نہیں لیا جائے گا۔
9. امتحان ختم ہوتے ہی اصل OMR شیٹ، نگراں کے حوالے کرنا ضروری ہے۔ آپ اسے اپنے ساتھ امتحان ہال کے باہر نہیں لے جا سکتے ہیں۔ البتّہ سوال کتابچہ اور OMR شیٹ کا چربہ ساتھ لے جانے کی اجازت ہے۔
10. **صرف سیاہ (کالا) بال پوائینٹ قلم کا استعمال کرنا ہے۔**
11. **کسی بھی کلکولیٹر، موبائیل فون، برقی (الیکٹرونک) آلات وغیرہ کا استعمال سختی سے منع ہے۔**
12. **غلط جواب پر منفی نمبر نہیں ہے۔ (یعنی نمبر نہیں کٹے گا)۔**

# Paper II

## (Urdu)

1۔ لفظ پالی سنکرت کے کس لفظ سے نکلا ہے؟

(A) پٹی

(B) پتّی

(C) پانتی

(D) پنکتی

2۔ ''رگ وید کے سب سے پہلے منتر آریوں کے داخلۂ ہندوستان سے قبل لکھے جا چکے تھے۔ یہ اس زبان میں لکھے گئے ہیں جو ہند ایرانی زبانوں کی ماں تھی'' درج بالا بیان کس کا ہے؟

(A) پروفیسر کیتھ

(B) گریرسن

(C) پنڈت ہری اودھ

(D) میکس مولر

3۔ ادبی پراکرت کے تعلق سے کون سا زمرہ صحیح ہے؟

(A) مہاراشٹری، شورسینی، ماگدھی، اردھ ماگدھی، پشاچی

(B) مہاراشٹری، شورسینی، ماگدھی، اردھ ماگدھی، اودھی

(C) مہاراشٹری، اودھی، شورسینی، پشاچی، برج بھاشا

(D) ،اودھی، شورسینی، مہاراشٹری، ماگدھی، پشاچی

4۔ اپ بھرنش میں تصنیف کا سلسلہ کب سے کب تک ملتا ہے۔

(A) چوتھی سے پانچویں صدی عیسوی تک

(B) پانچویں سے ساتویں صدی عیسوی تک

(C) چھٹی سے پندرھویں صدی عیسوی تک

(D) دسویں سے پندرھویں صدی عیسوی تک

5۔ کھڑی بولی کے ادبی نمونے اردو کی شکل میں اور اردو رسم خط میں سب سے پہلے کس تصنیف میں ملتے ہیں؟

(A) سب رس

(B) نورس

(C) مثنوی کدم راؤ پدم راؤ

(D) شہادت الحقیقت

6۔ ذیل میں سے کس نے لفظ اردو کو زبان کے لیے سب سے پہلے استعمال کیا؟

(A) درد

(B) ولی

(C) مصحفی

(D) میر

*Please Turn Over*

7۔ ذیل میں سے کس میں غیر ہکار مصمتوں کو ہکار بنا دیا جاتا ہے؟

(A) پنجابی

(B) ہریانوی

(C) گجری

(D) دکنی

8۔ ذیل میں سے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) | محمود شیرانی | I | دکن میں اردو |
| (2) | نصیر الدین ہاشمی | II | پنجاب میں اردو |
| (3) | مسعود حسین خاں | III | وادیٔ سندھ میں اردو |
| (4) | سید سلمان ندوی | IV | دہلی و نواح دہلی میں اردو |

(A) III (4)،IV (3)،I (2)، II (1)

(B) IV (4)،III (3)،II (2)، I (1)

(C) I (4)،II (3)،IV (2)، III (1)

(D) II (4)،I (3)،III (2)، IV (1)

9۔ ذیل میں سے کون سی آواز حلقومی ہے؟

(A) ع

(B) غ

(C) خ

(D) ق

10۔ ذیل میں سے کون الحاقیانہ سے متعلق نہیں ہے؟

(A) سابقہ

(B) زیر سطحی

(C) لاحقہ

(D) وسطیہ

11۔ ذیل میں دو بیانات دئے گئے ہیں۔ ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل ہے۔ دونوں کو غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

دعویٰ: تشبیب کو نشاط انگیز ہونا چاہئے۔

دلیل: کیونکہ اس کا مقصد ممدوح کے ذہن کو مدح یا ہجو سننے کے لئے ہموار کرنا ہوتا ہے۔

(A) دعویٰ غلط ہے لیکن دلیل صحیح ہے۔

(B) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(C) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

(D) دعویٰ صحیح ہے لیکن دلیل غلط ہے۔

12۔ توں اوّل، توں آخر، توں قادر آہے
توں مالک، توں باطن، تو ظاہر آہے

کس مثنوی کی شروعات حمد کے اس شعر سے ہوئی ہے۔

(A) سحر البیان

(B) قطب مشتری

(C) پھول بن

(D) گلزارِ نسیم

13۔ جمیل مظہری کا تحریر کردہ مرثیہ جس کا پہلا مصرع ہے

''جنبش سے میرے خامۂ افسوں طراز کی''میں کل کتنے بند ہیں۔

(A) ۱۴

(B) ۳۷

(C) ۴۴

(D) ۷۳

14۔ صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

تشبیب، نسیب اور مطلع یہ تینوں کس زبان کے الفاظ ہیں

(A) عبرانی

(B) ترکی

(C) فارسی

(D) عربی

15۔ ذیل میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

(A) اردو میں بارہ ماسہ ہمیشہ مثنوی کی ہئیت میں لکھا گیا ہے۔

(B) اردو میں بارہ ماسہ ہمیشہ قصیدہ کی ہئیت میں لکھا گیا ہے۔

(C) اردو میں بارہ ماسہ ہمیشہ غزل کی ہئیت میں لکھا گیا ہے۔

(D) اردو میں بارہ ماسہ ہمیشہ مرثیہ کی ہئیت میں لکھا گیا ہے۔

16۔ ذیل میں دیئے گئے جوڑوں میں سے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

(1) نظامی بیدری (i) پھول بن

(2) ابن نشاطی (ii) بکٹ کہانی

(3) ملا وجہی (iii) کدم راؤ پدم راؤ

(4) افضل جھنجھانوی (iv) قطب مشتری

(A) (i)— 4 ،(ii)—3 ،(iii)—2،(iv)—1

(B) (iii)— 4 ،(iv)—3 ،(i)—2،(ii)—1

(C) (iv)— 4 ،(iii)—3 ،(ii)—2،(i)—1

(D) (iii)— 4 ،(iv)—3 ،(i)—2،(iii)—1

17۔ تم ماہ شبِ چار دہم تھے مرے گھر کے

پھر کیوں نہ رہا گھر کا وہ نقشا کوئی دن اور

اس شعر کا تعلق کس صنف سخن سے ہے اور شاعر کا نام کیا ہے؟ صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(A) غزل—غالب

(B) مثنوی—میر حسن

(C) مرثیہ—غالب

(D) قصیدہ—ذوق

18۔ ذیل میں دو بیانات دئے گئے ہیں۔ ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل ہے۔ دونوں بیانات کو غور سے پڑھئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

دعویٰ: مثنوی، اصناف سخن میں سب سے زیادہ مفید اور بہ کار آمد صنف ہے۔

دلیل: کیوں مثنوی کی بنیاد فوق الفطرت باتوں پر رکھی جاتی ہے

(A) دعویٰ غلط اور دلیل بھی غلط ہے

(B) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح ہے

(C) دو عویٰ صحیح اور دلیل غلط ہے

(D) دعویٰ صحیح اور دلیل بھی صحیح ہے

19۔ سحرالبیان کے مندرجہ ذیل شعر کی صحیح تقطیع کی نشاندہی کیجئے۔

گلوں میں پہننا وہ ہنس ہنس کے ہار

سٹاسٹ وہ پھولوں کی چھڑیوں کی مار

(A) فعولن فعولن فعلون فعول

(B) فعولن فعولن فعلون فعل

(C) مفاعیلن مفاعیلن فعولن

(D) مفعولن فاعلن فعولن

20۔ گلزارِ نسیم کے کرداروں کے اعتبار سے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(A) روح افرا، تاج الملوک، حمالہ، محمودہ

(B) بے نظیر، زین الملوک، ماہ رخ، محمودہ

(C) ماہ رخ، بدر منیر، محمودہ، روح افزا

(D) تاج الملوک، زین الملوک، بے نظیر، بدر منیر

21۔ ذیل کی شعری تراکیب کس کی ایک غزل میں استعمال ہوئی ہیں۔

حجابِ درمیاں، بلائے پیرہن، چراغِ انجمن، کارِ سخن

(A) شہریار

(B) یگانہ چنگیزی

(C) عرفان صدیقی

(D) فراق گورکھپوری

22۔ درج ذیل شعر کس کی غزل سے ماخوذ ہے؟

سراپا مو قلم بن جاؤں بند آنکھیں اگر کرلوں

اُتاروں صفحۂ خالی پہ تیرا ہو بہو نقشا

(A) حسرت موہانی

(B) اصغر گونڈوی

(C) شاد عظیم آبادی

(D) جگر مرادآبادی

23۔ ذیل کی تراکیب کس کی غزل سے ماخوذ ہیں؟

ننگ پیرہن، زندانِ غم، بہارِ ناز، فشارِ ضُعف

(A) غالبؔ

(B) یگانہ چنگیزی

(C) فانی بدایونی

(D) عرفان صدیقیؔ

24۔ ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(A) غزل کا بڑا حصّہ روایتی مضامین کو باندھنے اور بار بار کہی ہوئی باتوں کو دُہرانے سے عبارت ہے۔

(B) غزل میں صرف ایک ہی ثقافت کی نقش گری کی گئی ہے

(C) غزل کے مضامین میں تنوع کا فقدان ہے

(D) غزل میں ہندوستانیت کی روح دیکھنے کو نہیں ملتی

25۔ ذیل کی شعری تراکیب کس کی ایک ہی غزل سے ماخوذ ہیں؟

بزمِ دوستاں، خوں کی موجیں، متاعِ جاں، ضوفشاں

(A) غالبؔ

(B) مومن

(C) شہریار

(D) مجروح سلطان پوری

26۔ ذیل میں سے کس کے یہاں گہرائی کم، جذباتی ہیجان زیادہ ملتا ہے

(A) میر تقی میرؔ

(B) مرزا غالبؔ

(C) فراقؔ گورکھپوری

(D) جگر مرادآبادی

27۔ 'آیات وجدانی' کیا ہے؟

(A) شادؔ عظیم آبادی کا شعری مجموعہ

(B) یگانہ چنگیزی کی غزلیات

(C) کلیم عاجز کی غزلیں

(D) شہریار کا شعری مجموعہ

28۔ ذیل کے شعراء میں لکھنوی رنگ کن پر غالب ہے؟

(A) غالب-مومن

(B) جگر-حسرت

(C) شادؔ عظیم آبادی-فراق

(D) ولی-میر تقی میر

29۔ کس کا کلام خیال بندی کی بھی عمدہ مثال ہے؟

(A) شادؔ عظیم آبادی

(B) میر تقی میرؔ

(C) یگانہ چنگیزی

(D) کلیم عاجزؔ

30۔ ذیل کے شعر کا خالق کون ہے؟

سب گیے ہوش و صبر وتاب و تواں
لیکن اے داغ دلِ سے تو نہ گیا

(A) ولؔی دکنی

(B) میر تقی میرؔ

(C) مومن خاں مومنؔ

(D) فانؔی بدایونی

31۔ صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(A) جوشؔ-جنگل کی شہزادی-شکست-انقلاب

(B) فیض احمد فیضؔ-تنہائی-صبح آزادی-باز آمد

(C) اقبالؔ-شعاع امید-ذوق وشوق-حب وطن

(D) ساحرؔ لدھیانوی-چکلے-تاج محل-گریز

32۔ ذیل میں سے کس شعر میں سمعی پیکر تراشی استعمال ہوئی ہے؟

(A) آفاق کے ہر گوشے سے اٹھتی ہیں شعاعیں
بچھڑے ہوئے خورشید سے ہوتی ہیں ہم آغوش

(B) جس ساز کے نغموں سے حرارت تھی دلوں میں
محفل کا وہی ساز ہے بے گانۂ مضراب

(C) مرا جنونِ وفا ہے زوال آمادہ
شکست ہوگیا تیرا فسونِ زیبائی

(D) یہ موج نفسِ کیا ہے تلوار ہے
خودی کیا ہے تلوار کی دھار ہے

33۔ کہاں سے آئی نگار صبا کدھر کو گئی
ابھی چراغ سرِ رہ کو کچھ خبر ہی نہیں

اس شعر میں کون سی صنعت پائی جاتی ہے؟

(A) تشبیہ

(B) استعارہ

(C) تلمیح

(D) تضاد

34۔ کس شاعر نے بچوں کی نظموں کا انگریزی سے اردو میں ترجمہ کیا ہے؟

(A) الطاف حسین حالی

(B) اسماعیل میرٹھی

(C) اکبرالہ آبادی

(D) علامہ اقبال

35۔ نظم ''بازیابی'' میں شفیق فاطمہ شعریٰ کس سے مخاطب ہیں؟

(A) خدا سے

(B) یوسفؑ سے

(C) عزیز مصر سے

(D) عوام سے

36۔ کوڑھ کے دھبے چھپا سکتا نہیں ملبوسِ دیں
بھوک کے شعلے بجھا سکتا نہیں روح الامیں

یہ شعر کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(A) کسان

(B) حویلی

(C) چکلے

(D) بازگشت

37۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) | بازگشت | I | ساحرلدھیانوی |
| (2) | پگڈنڈی | II | میراجی |
| (3) | گریز | III | شفیق فاطمہ شعریٰ |
| (4) | جاتری | IV | اخترالایمان |

(A) III (4) I (3) II (2) IV (1)

(B) IV (4) III (3) II (2) I (1)

(C) II (4) I (3) IV (2) III (1)

(D) IV (4) I (3) II (2) III (1)

38۔ ’’وہ شوہر پرست بیوی کو پبلک پرست لیڈی پر ترجیح دیتے تھے۔‘‘

اکبرالہ آبادی کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟

(A) رشید احمد صدیقی

(B) آل احمد سرور

(C) مہدی افادی

(D) خلیل الرحمٰن اعظمی

39۔ نظیرکو ’’چھٹکلے باز شاعر‘‘ کس نے کہا؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) نیاز فتح پوری

(C) کلیم الدین احمد

(D) مجنوں گورکھپوری

40۔ اردو کی سب سے پہلی نظم کون سی ہے؟

(A) آدمی نامہ

(B) بنجارہ نامہ

(C) چکی نامہ

(D) علی نامہ

41۔ ’’:میری عرض ہے کہ قانون گمراہوں کے واسطے ہے نہ کہ بادشاہوں کے واسطے۔

:اگر بادشاہ گمراہ ہے تو اسے بھی قانون کی رسی میں جکڑا جائے گا۔ اگر شہزادہ چور ہے تو چوری کی علت میں اسے ضرور پکڑا جائے گا‘‘

'یہ مکالمے کس ڈرامے سے لیے گئے ہیں؟

(A) انارکلی

(B) آگرہ بازار

(C) یہودی کی لڑکی

(D) ضحاک

42۔ اندرسبھا امانت میں کون سی پری جوگن کا بھیس بدلتی ہے؟

(A) نیلم پری

(B) پکھراج پری

(C) لال پری

(D) سبز پری

43۔ رانی کیتکی کی کہانی میں لڑائی کس کس کے درمیان ہوتی ہے؟

(A) سورج بھان اور جگت پرکاش کے درمیان

(B) مہندر گرو اور جگت پرکاش کے درمیان

(C) کنوراودے بھان اور جگت پرکاش کے درمیان

(D) کنوراودے بھان اور مہندر گرو کے درمیان

44۔ کربل کتھا میں مقدمے اور خاتمے کے علاوہ کتنی مجلسیں ہیں؟

(A) آٹھ

(B) چھ

(C) دس

(D) بارہ

45۔ کالم کے بارے میں کون سا بیان صحیح ہے؟

(A) کالم ہم عصر صحافت کا اہم جز نہیں ہے

(B) کالم میں ایک معمولی سی بات کو غیر معمولی بنا کر پیش کرنا کالم نگاری کا ہُنر تسلیم کیا جاتا ہے

(C) کالم کے ساتھ کالم نگار کا نام نہیں جاتا

(D) کالم کے مضوعات متعین ہیں

46۔ :اور قانون (ڈنڈا گھما کر) یہ بناتا ہے۔آپ اپنی قانون کی کتابیں دوبارہ لکھ لیں جج صاحب، ورنہ پرانے لفظوں کے لبادے نئے حالات میں خطرناک ہوسکتے ہیں۔ان سے الجھ کر گر نا مہلک ہوسکتا ہے۔

ضحاک میں یہ مکالمہ کس نے ادا کیا ہے۔

(A) ضحاک

(B) فوجی افسر

(C) راہب

(D) نوشابہ

47۔ محمد حسن کہاں پیدا ہوئے؟

(A) دہلی

(B) لکھنؤ

(C) آگرہ

(D) مرادآباد

48۔ باغ و بہار کا تیسرا درویش کہاں کا شہزادہ ہے۔

(A) عجم کا شہزادہ

(B) چین کا شہزادہ

(C) روم کا شہزادہ

(D) فارس کا شہزادہ

49۔ کون سی کتاب داستان نہیں ہے؟

(A) فسانۂ عجائب

(B) قصہ مہر افروز و دل بر

(C) فسانۂ آزاد

(D) طلسم ہوش ربا

50۔ : (کھڑے ہوکر) تسلیمات عرض کرتا ہوں! اجی داروغہ صاحب یہ تو آئے دن کی بات ہے۔کوئی نہ کوئی ہنگامہ شہر میں ہوتا ہی رہتا ہے۔کنجڑوں کی لڑائی ہوگئی تھی صاحب اور کیا۔

: ابھی ابھی مجھے رپٹ ملی ہے کہ دکانداروں میں آپس میں بہت جھگڑا ہوا۔اسی چوراہے پر۔

یہ مکالمے کس ڈرامے کے ہیں؟

(A) ضحاک

(B) یہودی لڑکی

(C) آگرہ بازار

(D) انارکلی

51۔ کس افسانہ میں ہندو اور مسلمان مل کر اپنے مشترک دشمن انگریز کے خلاف جدوجہد کرتے دکھائی دیتے ہیں؟

(A) ہم وحشی ہیں

(B) چوٹیں

(C) سوزِ وطن

(D) اپنے دُکھ مجھے دے دو

52۔ فرمان فتح پوری نے کس افسانہ کو اُردو کا اوّلین افسانہ قرار دیا ہے۔

(A) دنیا کا سب سے انمول رتن

(B) گزرا ہوا زمانہ

(C) نشہ کی پہلی ترنگ

(D) نصیر اور خدیجہ

53۔ عصمت چغتائی کا پہلا طبع زاد افسانہ کون سا ہے؟

(A) لحاف

(B) کافر

(C) کلیّات

(D) چھیڑ چھاڑ

54۔ ''واردات'' کس افسانہ نگار کا آخری افسانوی مجموعہ ہے؟

(A) سعادت حسن منٹو

(B) عصمت چغتائی

(C) پریم چند

(D) کرشن چندر

55۔ صحیح زمانی ترتیب کس زمرے میں ہے؟

(A) گئودان، فسانۂ آزاد، امراؤ جان ادا، توبۃ النصوح

(B) فسانۂ آزاد، گئودان، توبۃ النصوح، امراؤ جان ادا

(C) توبۃ النصوح، امراؤ جان ادا، گئودان، فسانۂ آزاد

(D) توبۃ النصوح، فسانۂ آزاد، امراؤ جان ادا، گئودان

56۔ مرنے کے دن قریب ہیں شاید کہ اے حیات
تجھ سے طبیعت اپنی بہت سیر ہوگئی

یہ شعر کس ناول کے اختتام پر درج ہے؟

(A) فردوسِ بریں

(B) امراؤ جان ادا

(C) اُداس نسلیں

(D) بستی

57۔ خواب کی تکنیک سب سے پہلے کس ناول میں استعمال ہوئی ہے؟

(A) فسانۂ آزاد

(B) توبتہ النصوح

(C) امراؤ جان ادا

(D) ایک چادر میلی سی

58۔ ''آگ کا دریا'' میں دریا کس کی علامت ہے؟

(A) زمانہ

(B) مُلک

(C) قوم

(D) مذہب

59۔ ان میں سے کس ناول نگار کو سویت لینڈ نہرو ایوارڈ سے نوازا گیا ہے؟

(A) عصمت چغتائی

(B) شوکت صدیقی

(C) قرۃ العین حیدر

(D) عبداللہ حسین

60۔ درج ذیل میں سے کس ناول میں کوئلہ کو موضوع بحث بنایا گیا ہے؟

(A) اُداس نسلیں

(B) خدا کی بستی

(C) بستی

(D) فائر ایریا

61۔ ذیل میں دو بیانات دیئے گئے ہیں ایک دعویٰ ہے ایک دلیل ہے۔ دونوں بیانات کو غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

دعویٰ: تنقید بجز تحقیق تنقیص ہے۔

دلیل: کیوں کہ تحقیق کے بغیر تنقید گمراہ کن ہے۔

(A) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(B) دعویٰ صحیح ہے لیکن دلیل غلط ہے

(C) دعویٰ غلط ہے لیکن دلیل صحیح ہے

(D) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

62۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | بھرت منی | - | I۔ رسا نومت |
| 2۔ | اچاریہ شنکک | - | II۔ ناٹیہ شاستر |
| 3۔ | ابھینو گپت | - | III۔ دھونی |
| 4۔ | آنند وردھن | - | IV۔ ابھیویکتی واد |

(A) (1) II، (2) I، (3) IV، (4) III

(B) (1) I، (2) II، (3) III، (4) IV

(C) (1) III، (2) IV، (3) II، (4) I

(D) (1) IV، (2) III، (3) I، (4) II

63۔ ذیل میں سے کس کے بارے میں شمس الرحمٰن فاروقی نے گفتگو نہیں کی ہے۔

(A) خواب

(B) اظہار

(C) ترسیل

(D) ابلاغ

64۔ ذیل میں سے کون سا زمرہ صحیح نہیں ہے؟

(A) محی الدین قادری زور — اردو کی نشو ونما میں صوفیائے کرام کا حصّہ

(B) مولوی عبدالحق — چند ہمعصر

(C) رشید حسن خاں — ادبی تحقیق، مسائل اور تجزیہ

(D) گیان چند جین — تحقیق کا فن

65۔ ذیل میں کون سا بیان جمیل جالبی کا نہیں ہے؟

(A) آپ نے اپنے موضوع سے پوری واقفیت حاصل کرلی

(B) آپ نے غور و فکر کے بعد اپنا نقطۂ نظر متعین کرلیا

(C) آپ نے اس نقطۂ نظر کی وضاحت کے لیے حوالے جمع و مرتب کرلیے

(D) آپ نے تسویدی کام کرلیا

66۔ ذیل میں سے کس اصطلاح کی وضاحت صحیح نہیں ہے؟

(A) روایت - ایک تخلیق کی مختلف شکلیں، تحریری ہوں کہ زبانی

(B) تمسیخ -متن کو غلط نگاری سے مسخ کر دینا

(C) تتمّہ -کتاب کے تمام ہو جانے کے بعد کسی جزو کا اضافہ

(D) اسماءالرّجال-اشاریے میں مقامات کے نام

67۔ ”رس و بھاؤ، انو بھاو اور وبھیچاری کے ملاپ سے وجود میں آتا ہے“۔ یہ بیان کس کا ہے؟

(A) ابھینو گپت

(B) اچاریہ شنکک

(C) بھرت منی

(D) بھٹ لوللٹ

68۔ ”انگریزی میں تنقید کے لئے جو Criticism کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔اس کے اصلی معنی عدل یا انصاف کے ہیں۔“ یہ تعریف کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

(A) اردو تنقید پر ایک نظر

(B) فن تنقید اور اردو تنقید نگاری

(C) اردو تنقید کا ارتقاء

(D) مشرق و مغرب میں تنقیدی تصورات کی تاریخ

69۔ ذیل میں سے کون عربی کا پہلا نقاد ہے؟

(A) محمد بن سلام الجمحی

(B) جاحظ

(C) ابن خلدون

(D) ابن رشیق

70۔ ”معانی پانی کی مانند ہیں اور الفاظ پیالے کی مانند۔ پانی تو ایک ہی ہے، پیالہ بدلتا رہتا ہے۔“ یہ بیان کس کا ہے؟

(A) ابن رشیق

(B) ابن قتیبہ

(C) ابو ہلال عسکری

(D) ابن خلدون

71۔ ”شہر چپ چاپ، نہ کہیں پھاؤڑا ہے، نہ سرنگ لگا کر کوئی مکان اڑایا جاتا ہے۔ نہ آہنی سڑک آتی ہے نہ کہیں دمدمہ بنتا ہے۔ دلی شہر خموشاں ہے۔“ غالبؔ کے کس خط سے یہ اقتباس لیا گیا ہے؟

(A) ہرگوپال تفتہؔ

(B) نواب یوسف مرزا

(C) میر مہدی مجروحؔ

(D) مرزا حاتم علی مہرؔ

72۔ ''غبارِ خاطر'' کے بارے میں ذیل کا کون سا بیان صحیح ہے؟
(A) بے خبر بلگرامی نے اسے شائع کیا تھا
(B) اس میں اشعار کی کل تعداد ڈھائی سو ہے
(C) یہ خطوط مکتوب الیہ تک نہیں پہنچے تھے
(D) یہ مولانا آزاد کے مضامین کا مجموعہ ہے

73۔ خاکہ کے متعلق ذیل کا کون سا بیان صحیح ہے؟
(A) خاکہ میں شخصیت کی محض خوبیاں بیان کی جاتی ہیں
(B) خاکہ میں شخصیت کا معروضی مطالعہ ہوتا ہے
(C) خاکہ میں شخصیت کا مکمل جائزہ لازمی ہے
(D) خاکہ میں شخصیت کی جزئیات پر زور دیا جاتا ہے

74۔ اردو کے کس مزاح نگار پر احمد جمال پاشا نے انشائیہ لکھا ہے؟
(A) کنہیالال کپور
(B) فرحت اللہ بیگ
(C) پطرس بخاری
(D) رشید احمد صدیقی

75۔ ''غبارِ خاطر'' میں مولانا آزاد نے سب سے زیادہ کس کے اشعار کا حوالہ دیا ہے۔
(A) مرزا غالبؔ
(B) حسرتؔ موہانی
(C) میر تقی میرؔ
(D) داغؔ دہلوی

76۔ غالبؔ کے خطوط کے بارے میں کون سی بات صحیح ہے؟
(A) زبان مرصع و مسجع ہوتی ہے
(B) مرزا غالب نے خطوط کو مراسلہ سے مکالمہ بنا دیا
(C) القاب پیچیدہ اور پُر تکلف ہیں
(D) غالب خطوط میں محض رسمی گفتگو کرتے تھے

77۔ ''حیات جاوید'' میں کل کتنے ابواب شامل ہیں؟
(A) پانچ
(B) چھ
(C) سات
(D) آٹھ

78۔ ''مرزا صاحب آپ ہی اس اوزار سے شوق فرمایا کیجئے۔ میں اب اس سے بے نیاز ہو چکا ہوں۔ گھر پہنچ کر میں نے پھر علم کیمیا کی اس کتاب کا مطالعہ شروع کیا جو میں نے ایف۔ اے میں پڑھی تھی۔''
یہ اقتباس کس انشائیے سے لیا گیا ہے۔
(A) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ
(B) مرحوم کی یاد میں
(C) شامت اعمال
(D) جنون لطیفہ

79۔ سر سید کا سفرنامہ ''مسافران لندن'' سب سے پہلے کہاں شائع ہوا؟
(A) علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ
(B) سید الاخبار
(C) تہذیب الاخلاق
(D) اودھ اخبار

80۔ شبلی نعمانی نے ''الفاروق'' کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا ہے؟
(A) دو
(B) تین
(C) چار
(D) پانچ

81۔ ''ذوقِ ادب اور شعور'' کس ترقّی پسند ادیب کی تصنیف ہے؟
(A) ممتاز حسین
(B) سیّد احتشام حسین
(C) محمد حسن
(D) اختر حسین رائے پوری

82۔ 'انجمنِ پنجاب' لاہور، کا قیام کب عمل میں آیا؟
(A) 1830
(B) 1835
(C) 1865
(D) 1870

83۔ ذیل میں سے کون ترقّی پسند ادبی تحریک سے منحرف ہو گیا تھا۔
(A) وامق جونپوری
(B) خلیل الرحمٰن اعظمی
(C) مخدوم محی الدّین
(D) عزیز احمد

84۔ 'نئی دنیا کو سلام' لکھنے والے شاعر کی نشاندہی کیجئے۔
(A) مجاز
(B) مخدوم محی الدین
(C) علی سردار جعفری
(D) جاں نثار اختر

85۔ دلّی کالج کا قیام کب عمل میں آیا؟
(A) 1900
(B) 1920
(C) 1825
(D) 1850

86۔ صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔
(A) حیدر بخش حیدری، کاظم علی جوان، شیر علی افسوس، للّو لال جی
(B) مرزا مظہر جانِ جاناں، میر سوز، شاہ نصیر، آبرو
(C) یکرنگ، مغمون، ناجی، جرأت
(D) فائز، رنگین، انشا، قائم

87۔ 'دہلی دبستانِ شاعری' کا کیا امتیازی وصف رہا ہے؟
(A) حُزنیہ اور ہجویہ انداز
(B) نسائی انداز
(C) نشاطیہ انداز
(D) فِکاہیہ انداز

88۔ ذیل میں سے کس کا تعلق حلقۂ اربابِ ذوق سے نہیں تھا؟
(A) ضیا جالندھری
(B) مجید امجد
(C) احمد ندیم قاسمی
(D) قیّوم نظر

89۔ ذیل میں ترقّی پسند افسانہ نگار کی نشاندہی کیجیے۔

(A) سعادت حسن منٹو

(B) انور سجّاد

(C) نیّر مسعود

(D) انتظار حسین

90۔ اردو میں اصلاح زبان کی روایت کے تعلق سے کس کو اہمیت حاصل ہے؟

(A) فائز دہلوی

(B) آبرو

(C) مرزا مظہر جانِ جاناں

(D) جعفر زٹلّی

91۔ مضمون ''دریافت اور بازیافت'' کا تعلق کس سے ہے؟

(A) رباعی

(B) شہر آشوب

(C) واسوخت

(D) ترجمہ

92۔ چمن میں آج نسیم بہار آ پہنچی نوید نکہت گل بے شمار آ پہنچی
صدائے قمری وصوت ہزار آ پہنچی جنوں کی فوج کی دل پر پکار آ پہنچی
ہزار شکر کہ فصل بہار آ پہنچی

مذکورہ بند مسمط کس کی ہیئت میں لکھا گیا ہے؟

(A) مسدس

(B) مثمن

(C) مخمس

(D) مثلث

93۔ ریڈیو فیچر کے بارے میں کون سا بیان غلط ہے؟

(A) اختصار یعنی جامعیت فیچر کی روح ہے

(B) ریڈیو فیچر مکمل طور پر حقائق پر منحصر ہوتا ہے

(C) اچھے ریڈیو فیچر کے لیے اچھے موضوع کی ضرورت ہوتی ہے

(D) فیچر کی تحریر کو مسرت آگہی اور فرحت بخش ہونا چاہیے

94۔ رباعی کے چار مصرعوں میں سے کون سا مصرعہ بے قافیہ ہوتا ہے؟

(A) دوسرا

(B) چوتھا

(C) پہلا

(D) تیسرا

95۔ تھیوڈر ساوری نے ترجمے کی کل کتنی قسمیں بتائی ہیں؟

(A) آٹھ

(B) بارہ

(C) چودہ

(D) پندرہ

96۔ اخبار میں اداریہ لکھنے کی ذمے داری کس کی ہوتی ہے؟

(A) سب ایڈیٹر کی

(B) ایڈیٹر کی

(C) نامہ نگار کی

(D) ادبی نامہ نگار کی

97۔ اصناف شعر میں وہ کون سی صنف ہے جس میں شاعر نیازمندی کے بجائے معشوق کو کھری کھوٹی سناتا ہے؟

(A) ریختی

(B) شہرآشوب

(C) تضمین

(D) واسوخت

98۔ مسبع میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) آٹھ

(B) پانچ

(C) سات

(D) چھ

99۔ اداریئے کے بارے میں کون سا بیان درست ہے؟

(A) اداریہ عام قاری کو نظر میں رکھ کر لکھا جاتا ہے

(B) اداریئے میں طنزیہ ومزاحیہ اسلوب اختیار کیا جاتا ہے

(C) ضروری نہیں کہ اداریئے میں رائے عامہ کو متاثر کرنے کی قوت ہو اور صحیح رہنمائی کی اہلیت

(D) اداریئے سے اخبار کی بیباکی، احساسات اور پالیسی کا اظہار ہوتا ہے

100۔ ذیل میں سے کون فنِ ترجمہ کا نظریہ ساز نہیں ہے؟

(A) آرتھر ویلی

(B) ازراپاؤنڈ

(C) محمد حسن عسکری

(D) قمر رئیس

**Space for rough work**

**Space for rough work**

**Space for rough work**

# 25TH SET ANSWER KEY
# URDU - 05 - PAPER II : X SERIES

| Q. NO. | ANSWER | Q. NO. | ANSWER | Q. NO. | ANSWER | Q. NO. | ANSWER |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | D | 26 | D | 51 | C | 76 | B |
| 2 | B | 27 | B | 52 | C | 77 | A |
| 3 | A | 28 | B | 53 | B | 78 | B |
| 4 | C | 29 | B | 54 | C | 79 | A |
| 5 | C | 30 | B | 55 | D | 80 | B |
| 6 | C | 31 | D | 56 | B | 81 | B |
| 7 | D | 32 | B | 57 | B | 82 | C |
| 8 | A | 33 | B | 58 | A | 83 | B |
| 9 | D | 34 | B | 59 | C | 84 | C |
| 10 | B | 35 | C | 60 | D | 85 | C |
| 11 | B | 36 | B | 61 | A | 86 | A |
| 12 | B | 37 | C | 62 | A | 87 | A |
| 13 | D | 38 | A | 63 | A | 88 | C |
| 14 | D | 39 | B | 64 | A | 89 | B |
| 15 | A | 40 | C | 65 | D | 90 | C |
| 16 | D | 41 | C | 66 | D | 91 | D |
| 17 | C | 42 | D | 67 | C | 92 | C |
| 18 | C | 43 | A | 68 | C | 93 | B |
| 19 | A | 44 | D | 69 | A | 94 | D |
| 20 | A | 45 | B | 70 | D | 95 | B |
| 21 | C | 46 | B | 71 | C | 96 | B |
| 22 | C | 47 | D | 72 | C | 97 | D |
| 23 | A | 48 | A | 73 | B | 98 | C |
| 24 | A | 49 | C | 74 | A | 99 | D |
| 25 | C | 50 | C | 75 | A | 100 | D |